83. And when they hear what has been sent down to the messenger (Muhammad), you see their eyes overflowing with tears because of what they have recognized of the truth. They say: "Our Lord, we believe, so write us among the witnesses."	۞ وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٨٣﴾	اور جب سُنتے ہیں یہ لوگ وہ (کلام) جو نازل ہُوا ہے رسُول پر تو دیکھو گے تم کہ اُن کی آنکھوں سے جاری ہو جاتے ہیں آنسو اس وجہ سے کہ پہچان لیتے ہیں وہ حق کو اور کہتے ہیں اے ہمارے رب! ایمان لائے ہم سو لکھ لے تو ہم کو گواہی دینے والوں میں ﴿٨٣﴾
84. "And why should we not believe in Allah and that which has come to us of the truth. And we desire that our Lord will admit us (in Paradise) along with the righteous people."	وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٤﴾	اور کیا ہُوا ہم کو کہ نہ ایمان لائیں ہم اللہ پر اور اس پر جو پہنچا ہے ہمارے پاس حق جبکہ ہم خواہش رکھتے ہیں کہ شامل کرے ہم کو ہمارا رب صالح لوگوں میں ﴿٨٤﴾
85. So Allah has rewarded them, for what they said, gardens beneath which rivers flow, wherein they will abide forever. And that is the reward of those who do good.	فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٥﴾	سو صلہ دیا اُن کو اللہ نے اُن کے اس کہنے کی وجہ سے، ایسی جنتیں کہ بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، رہیں گے وہ ہمیشہ ان میں اور یہ ہے جزا اچھا کام کرنے والوں کی ﴿٨٥﴾
86. And those who disbelieved and denied Our revelations, they are the dwellers of the Hell fire.	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿٨٦﴾	اور وہ لوگ جنہوں نے ماننے سے انکار کیا اور جھٹلایا ہماری آیات کو وہی ہیں اہلِ دوزخ ﴿٨٦﴾
87. O you who believe, do not forbid the good things which Allah has made lawful for you, and do not transgress. Indeed, Allah does not love the transgressors.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٨٧﴾	اے ایمان والو! مت حرام ٹھہراؤ پاکیزہ چیزیں جو حلال کی ہیں اللہ نے تمہارے لیے اور مت حد سے بڑھو۔ بے شک اللہ نہیں پسند کرتا حد سے بڑھنے والوں کو ﴿٨٧﴾

88. And eat of that which Allah has provided for you, lawful, good things. And fear Allah in Whom you are believers.	وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾	اور کھاؤ اس میں سے جو رزق دیا ہے تم کو اللہ نے حلال اور پاکیزہ اور ڈرتے رہو اللہ سے جس پر تم ایمان رکھتے ہو ﴿٨٨﴾
89. Allah does not hold against you for what is meaningless in your oaths, but He does hold against you for the oaths which you have sworn in earnest. So its expiation is the feeding of ten needy persons with the average of that which you feed your own families, or the clothing of them, or the freeing of a slave. So whoever cannot find (the means to do so), then (he shall) fast three days. That is the expiation of your oaths when you have sworn. And protect your oaths. Thus Allah makes clear to you His revelations, that you may be grateful.	لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٨٩﴾	نہیں گرفت فرماتا تم پر اللہ تمہاری لغو قسموں پر لیکن ضرور مواخذہ کرے گا تم سے اُن پر جو مضبوط کر چکے ہو تم اپنی قسمیں۔ سو کفارہ ہے اس کا کھانا کھلانا دس محتاجوں کو اوسط درجے کا کھانا جو کھلاتے ہو تم اپنے گھر والوں کو یا کپڑے پہناؤ اُن کو یا آزاد کرو ایک غلام پھر جس کو اس کی استطاعت نہ ہو وہ روزے رکھے تین دن کے یہ کفارہ ہے تمہاری قسموں کا، جب تم قسم کھا بیٹھو اور حفاظت کیا کرو اپنی قسموں کی۔ اس طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لیے اپنے حکم تاکہ تم شکرگزار بنو ﴿٨٩﴾
90. O you who believe, intoxicants, and gambling, and idolatrous sacrifices at altars, and divining arrows are only an abomination of Satan's handiwork. So avoid it that you may be successful.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٩٠﴾	اے ایمان والو! بلاشبہ شراب اور جوا اور بت اور پانسے (یہ سب) گندے شیطانی کام ہیں سو اُن سے بچتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ ﴿٩٠﴾

91. Satan only wants to cause between you enmity and hatred with intoxicants and gambling, and hinder you from the remembrance of Allah, and from the prayer. So, will you refrain.	اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾
92. And obey Allah and obey the messenger and beware. Then if you turn away, then know that upon Our messenger is only the clear conveyance (of the message).	وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾
93. On those who believe and do righteous deeds, there is no sin for what they have eaten (in the past), as long as they fear (Allah), and believe and do righteous deeds, then fear (Allah) and believe, then again fear (Allah) and do good. And Allah loves those who do good.	لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾
94. O you who believe, Allah will surely test you through something of the game that is well within reach of your hands and your spears, that Allah may know him who fears Him in unseen. Then whoever transgresses thereafter, for him there is a painful torment.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَىْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾

اصل بات یہ ہے کہ چاہتا ہے شیطان کہ ڈلوائے
تمہارے درمیان دشمنی اور بغض، شراب سے
اور جُوئے سے اور روکے تم کو اللہ کی یاد سے
اور نماز سے تو کیا تم باز آنے والے ہو ان (چیزوں) سے؟ ﴿۹۱﴾
اور اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسُول کی
اور بچتے رہو (برائیوں سے) پھر اگر تم نے منہ موڑا
تو جان لو کہ درحقیقت ہمارے رسُول کے ذمہ تو صرف (احکام کا)
پہنچا دینا ہے واضح طور پر ﴿۹۲﴾
نہیں ہے ان لوگوں پر جو ایمان لائے
اور کرنے لگے نیک عمل، کچھ گناہ اس پر
جو وہ کھا چکے ہیں (پہلے) بشرطیکہ بچے رہیں وہ (آئندہ کے لیے)
اور ایمان پر قائم رہیں اور اچھے کام کریں
پھر بچیں (حرام چیزوں سے) اور مانیں (احکامِ الٰہی کو)
پھر تقویٰ اختیار کریں اور اچھے کام کریں۔
اور اللہ دوست رکھتا ہے اچھے کام کرنے والوں کو ﴿۹۳﴾
اے ایمان والو! ضرور آزمائے گا تم کو اللہ
کسی شکار سے جو زد میں ہو گا
تمہارے ہاتھوں اور تمہارے نیزوں کی تاکہ دیکھے اللہ
کہ کون ڈرتا ہے اس سے غائبانہ۔ پھر جس نے تجاوز کیا حد سے
اس تنبیہ کے بعد تو اس کے لیے ہے دردناک عذاب ﴿۹۴﴾

95. O you who believe, do not kill wild game while you are in Ihram for the pilgrimage. And whoever of you kills it intentionally, so the penalty is an equivalent to what he killed, of domestic animals, as judged by two just men among you, an offering delivered to the Kabah. Or as expiation, the feeding of needy persons, or the equivalent of that in fasting, that he may taste the evil consequences of his deed. Allah has forgiven whatever happened in the past. And whoever commits it again, then Allah will take retribution from him. And Allah is All Mighty, Able of Retribution.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۭ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝۹۵	اے ایمان والو! نہ مارو شکار جبکہ ہو تم احرام میں اور جو کوئی شکار مارے گا تم میں سے جان بوجھ کر تو اس کا تاوان ہے مثل اس شکار کے جو مارا ہے اس نے کوئی مویشی، جس کا فیصلہ کریں گے دو منصف تم میں سے جو بطور نذرانہ پہنچایا جائے گا خانہ کعبہ تک یا کفارہ ہے کہ کھانا کھلائے مسکینوں کو یا اُن کے برابر روزے رکھے تاکہ چکھے سزا اپنے کیے کی۔ معاف کیا اللہ نے وہ جو ہو چکا پہلے اور جو کوئی دوبارہ کرے گا تو بدلہ لے گا اللہ اس سے اور اللہ زبردست ہے، بدلہ لینے کی طاقت رکھتا ہے ۝۹۵
96. Lawful to you is the sea game and its food, a provision for you and those on a journey. And forbidden to you is the land game as long as you are in Ihram for the pilgrimage. And fear Allah, to Whom you will be gathered.	اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۹۶	حلال کر دیا گیا ہے تمہارے لیے سمندری شکار اور اس کا کھانا فائدے کے لیے تمہارے اور مسافروں کے بھی اور حرام کیا گیا تم پر خشکی کا شکار جب تک ہو تم احرام میں اور ڈرتے رہو اللہ سے جس کے حضور تم سب کو گھیر کر حاضر کیا جائے گا ۝۹۶

97. Allah has appointed the Kabah, the Sacred House, an asylum of security for mankind, and the sacred month (of Pilgrimage), and the animals of sacrificial offerings, and (animals marked with) the garlands. That is so you may know that Allah knows what is in the heavens and what is in the earth, and that Allah is Knower of all things.	جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ۭ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۹۷	بنایا ہے اللہ نے کعبہ کو جو حرمت والا گھر ہے اجتماعی زندگی کا مرکز و محور لوگوں کے لیے نیز حرمت والے مہینوں، قربانی کے جانوروں اور قلادوں کو بھی (بنا دیا اس کام میں معاون) یہ اس لیے کہ تم جان لو کہ بے شک اللہ جانتا ہے ہر وہ بات جو ہے آسمانوں میں اور جو ہے زمین میں اور بے شک اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے ۝۹۷
98. Know that Allah is severe in punishment, and that Allah is Oft Forgiving, Most Merciful.	اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۹۸	خبردار ہو جاؤ کہ یقیناً اللہ بہت سخت ہے سزا دینے میں اور یقیناً اللہ معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا بھی ہے ۝۹۸
99. Not (a duty) upon the messenger except to convey. And Allah knows whatever you reveal and whatever you conceal.	مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ۝۹۹	نہیں ہے رسول کی ذمہ داری مگر پیغام پہنچا دینا اور اللہ کو معلوم ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو ۝۹۹
100. Say (O Muhammad): "Not equal are the evil and the good, even though the abundance of the evil may please you. So fear Allah, O men of understanding, that you may be successful."	قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۱۰۰	اے رسولؐ! کہہ دو کہ برابر نہیں ہو سکتے ناپاک اور پاک اگرچہ بھلی لگے تمہیں بہتات ناپاک کی سو ڈرتے رہو اللہ سے اے اہلِ عقل و شعور تاکہ تم فلاح پاؤ ۝۱۰۰

101. O you who believe, do not ask about things which, if they were made known to you, may cause you trouble. And if you ask of them while the Quran is being revealed, they will be made known to you. Allah has forgiven that. And Allah is Oft Forgiving, Most Forbearing.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝۱۰۱	اے ایمان والو! مت پُوچھو ایسی باتیں کہ اگر ظاہر کر دی جائیں تم پر تو بُری لگیں گی تمہیں اور اگر پُوچھو گے تم یہ باتیں ایسے وقت کہ نازل ہو رہا ہے قرآن تو ظاہر کر دی جائیں گی تم پر۔ درگزر کیا اللہ نے اُن سے اور اللہ بخشنے والا، بردبار ہے ۝۱۰۱
102. Indeed, a people asked such (questions) before you, then they became on that account disbelievers.	قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ۝۱۰۲	البتہ پوچھی تھیں ایسی ہی باتیں کچھ لوگوں نے تم سے پہلے پھر ہو گئے وہ ان ہی باتوں کا انکار کرنے والے ۝۱۰۲
103. Allah has not instituted (such innovations like) Bahirah (a she camel whose milk was spared for the idols), nor Saibah (a she camel left for free pasture for idols), nor Wasilah (a she camel who gave birth to she camels in two successive deliveries set free for idols), nor Hami (a male camel freed from work for the idols, after it had finished a number of copulations assigned for it). But those (pagans) who disbelieve invent lies against Allah. And most of them have no understanding.	مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَاۗىِٕبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝۱۰۳	نہیں قرار دیا اللہ نے کوئی بحیرہ، نہ سائبہ، نہ وصیلہ اور نہ حام لیکن وہ لوگ جو کافر ہیں بہتان باندھتے ہیں اللہ پر جھوٹا اور اُن میں اکثر عقل نہیں رکھتے ۝۱۰۳

104. And when it is said to them: "Come to that which Allah has revealed and to the messenger (Muhammad)," they say: "Enough for us is that upon which we found our fathers." Even though their fathers had no knowledge whatsoever, nor were they guided.	وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾	اور جب کہا جاتا ہے اُن سے کہ آؤ اُس کی طرف جو نازل کیا ہے اللہ نے اور رسول کی طرف تو وہ کہتے ہیں کہ کافی ہے ہم کو وہ کہ پایا ہے ہم نے جس پر اپنے آباؤ اجداد کو، بھلا (پھر بھی) اگرچہ اُن کے آباؤ اجداد نہ رکھتے ہوں علم ذرا بھی اور نہ ہدایت یافتہ ہوں؟ ﴿۱۰۴﴾
105. O you who believe, upon you is (responsibility of) your own selves. Those who have gone astray cannot harm you when you are rightly guided. To Allah is your return all together, then He will inform you of what you used to do.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾	اے ایمان والو! تم پر لازم ہے کہ اپنی فکر کرو نہیں بگاڑ سکتا تمہارا کچھ بھی وہ جو گمراہ ہُوا اگر تم ہدایت یافتہ ہو اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے تم سب کو پھر بتلائے گا وہ تم کو جو کچھ تم کرتے رہے ﴿۱۰۵﴾

106. O you who believe, testimony (should be taken) between you when death approaches one of you, at the time of bequest, two just men from among you, or two others from outside of you, if you are traveling through the land, and the calamity of death befalls you. Detain them both after the prayer, then let them both swear by Allah, if you doubt (their truthfulness), (saying): "We will not exchange it (oath) for a price, even if he should be near relative, nor shall we hide the testimony of Allah, indeed we would then be of the sinful."	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ۭ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝	اے ایمان والو! گواہی (کا ضابطہ) تمہارے درمیان جب قریب آپہنچے تم میں سے کسی کی موت بوقت وصیت (اس طرح ہے کہ گواہ بنالو) دو صاحبِ عدل شخص اپنوں میں سے یا دو دُوسرے تمہارے اغیار (غیر مُسلموں) میں سے اگر تم سفر میں ہو اور آپڑے تم پر مصیبت موت کی تو روک لو اُن دونوں کو نماز کے بعد سو قسم کھائیں یہ دونوں اللہ کی، اگر تم کو شُبہ پڑے (اُن پر) (اور کہیں کہ) نہیں حاصل کریں گے ہم گواہی کے بدلے مالی فائدہ اگرچہ ہو کوئی ہمارا قرابت دار اور ہم نہیں چھپائیں گے اللہ کی گواہی۔ اگر ایسا کریں تو بے شک ہم گنہگاروں میں سے ہوں گے ۝
107. Then if it is found that those two were guilty of sin, then two others shall stand in their place, nearest in kin from among those who claim a lawful right. So let them swear by Allah, (saying): "Our testimony is truer than the testimony of both of them, and we have not transgressed. Indeed, we would then be of the wrong doers."	فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۚ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝	پھر اگر پتہ چلے اس بات کا کہ وہ دونوں مُبتلا ہو گئے ہیں کسی گناہ میں تو دو دوسرے شخص کھڑے ہوں اُن کی جگہ اُن میں سے جن کی حق تلفی ہُوئی ہے اور جو قریبی رشتہ دار ہوں (میت کے) پھر دونوں قسم کھائیں اللہ کی کہ ہماری گواہی زیادہ درست ہے ان دونوں کی گواہی کے مقابلہ میں اور نہیں کی ہم نے کوئی زیادتی اگر ہم ایسا کریں تو ضرور ہوں گے ہم ظالموں میں سے ۝


108. That is closer (to the fact) that they will give testimony in its true nature, or they would fear that (other) oaths would be admitted after their oaths. And fear Allah and listen. And Allah does not guide the disobedient people.	ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝	یہ طریقہ زیادہ قریب ہے اس سے کہ ادا کریں وہ شہادت کو کما حقہ، یا ڈریں اس بات سے کہ رد کر دی جائیں گی اُن کی قسمیں اُن کے قسمیں کھا لینے کے بعد اور ڈرتے رہو اللہ سے اور سُنو اور اللہ نہیں ہدایت دیتا نافرمان لوگوں کو ۝
109. On the day when Allah will gather the messengers, then will say: "What was the response you received (from mankind)." They will say: "We have no knowledge. Indeed You, only You are the Knower of the unseen."	يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۭ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝	جس دن جمع کرے گا اللہ سب پیغمبروں کو پھر پوچھے گا کہ کیا جواب ملا تھا تم کو؟ وہ کہیں گے نہیں کچھ علم ہم کو بے شک تو ہی جاننے والا ہے غیب کی باتوں کا ۝

110. When Allah will say: "O Jesus, son of Mary, remember My favor upon you and upon your mother, when I supported you with the holy spirit. You spoke to mankind in the cradle and maturity. And when I taught you the Book and wisdom, and the Torah, and the Gospel. And when you made of clay as it were the figure of a bird by My permission, then you breathed into it, and it became a bird by My permission. And you healed those born blind, and the lepers by My permission. And when you brought forth the dead by My permission. And when I restrained the Children of Israel from (harming) you when you came to them with clear proofs, and those among them who disbelieved said: "This is nothing but a clear magic."	إِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ إِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۣ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَإِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْإِنْجِيْلَ ۚ وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِإِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِإِذْنِيْ ۚ وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِإِذْنِيْ ۚ وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ إِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١١٠﴾	جب کہے گا اللہ اے عیسیٰ بن مریم! یاد کرو میرا انعام (جو کیا میں نے) تم پر اور تمہاری والدہ پر۔ جب میں نے مدد کی تمہاری رُوح القدس سے، باتیں کرتے تھے تم لوگوں سے گہوارہ میں اور بڑی عمر میں بھی اور جب سکھائی میں نے تم کو کتاب اور حکمت اور تورات اور انجیل اور جب بناتے تھے تم گارے سے پرندے کی سی صُورت میرے حکم سے پھر پھونک مارتے تھے اس میں تو بن جاتا تھا وہ پرندہ میرے حکم سے اور اچھا کر دیتے تھے تم مادر زاد اندھے کو اور کوڑھی کو میرے حکم سے اور جب نکال کھڑا کرتے تھے تم مُردوں کو میرے حکم سے اور جب روکا تھا میں نے بنی اسرائیل کو تم (پر زیادتی کرنے) سے جب لے کر گئے تھے تم اُن کے پاس روشن دلیلیں تو کہنے لگے وہ لوگ جو کافر تھے اُن میں سے کہ نہیں ہے یہ، مگر جادو کھلا ﴿١١٠﴾
111. And when I inspired to the disciples, (saying): "Believe in Me and in My messenger." They said: "We believe. Bear witness that we have indeed surrendered (to Allah)."	وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيّٖنَ أَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿١١١﴾	اور جب دل میں ڈالا میں نے حواریوں کے کہ ایمان لاؤ مجھ پر اور میرے رسُول پر تو وہ کہنے لگے ہم ایمان لائے اور (اے اللہ) تو گواہ رہ کہ ہم مسلمان ہیں ﴿١١١﴾

112. When the disciples said: "O Jesus, son of Mary, can your Lord send down for us a table spread with food from heaven." He said: "Fear Allah, if you are believers."	إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يٰعِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَنْ يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ ۖ قَالَ اتَّقُوا اللَّهَ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ ﴿١١٢﴾	جب کہا حواریوں نے اے عیسیٰؑ بن مریم کیا ایسا کر سکتا ہے، تمہارا رب کہ اُتارے ہم پر ایک خوان آسمان سے، کہا عیسیٰؑ نے کہ ڈرو اللہ سے اگر ہو تم مومن ﴿١١٢﴾
113. They said: "We wish that we eat from it, and that we may satisfy our hearts, and know that you have indeed spoken truth to us, and that we may be among its witnesses."	قَالُوا نُرِيدُ أَنْ نَّأْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا وَنَعْلَمَ أَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّاهِدِينَ ﴿١١٣﴾	اُنہوں نے کہا ہم چاہتے ہیں کہ کھائیں اس میں سے اور مطمئن ہو جائیں ہمارے دل اور ہم جان لیں کہ یقیناً تم نے سچ کہا ہم سے اور ہو جائیں ہم اس پر گواہ ﴿١١٣﴾
114. Jesus, son of Mary, said: "O Allah, our Lord, send down for us a table spread with food from heaven, that it may be for us a feast, for the first of us, and the last of us, and a sign from You. And provide us sustenance, and You are the Best of Sustainers."	قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنْكَ ۖ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿١١٤﴾	کہا عیسیٰؑ ابن مریم نے اے اللہ ہمارے رب نازل فرما ہم پر ایک خوان آسمان سے جو بن جائے ہمارے لیے عید ہمارے پہلوں کے لیے اور ہمارے پچھلوں کے لیے اور ہو نشانی تیری طرف سے اور رزق دے ہمیں اور تو ہی ہے سب سے بہتر رزق دینے والا ﴿١١٤﴾
115. Allah said: "Indeed, I will send it down for you. So whoever disbelieves afterwards from among you, then surely will I punish him with a punishment such as I have not punished anyone among all the peoples."	قَالَ اللَّهُ إِنِّي مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۖ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَإِنِّي أُعَذِّبُهُ عَذَابًا لَّا أُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِينَ ﴿١١٥﴾	کہا اللہ نے کہ میں ضرور اُتاروں گا (وہ خوان) تم پر، پھر جس نے ناشکری کی اس کے بعد تم میں سے تو میں عذاب دوں گا اس کو ایسا عذاب کہ نہیں دوں گا اس جیسا عذاب کسی کو اہلِ جہان میں سے ﴿١١٥﴾

116. And when Allah will say: "O Jesus, son of Mary, Did you say to the people: Take me and my mother for two gods besides Allah." He will say: "Glory be to You, It was not for me to say that to which I had no right. If I had said it, then You would surely have known it. You know what is within myself, and I know not what is within Yourself. Indeed You, only You are the Knower of the unseen."	وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۱۶﴾	اور جب کہے گا اللہ اے عیسیٰ ابن مریم کیا تو نے کہا تھا لوگوں سے کہ بنا لو مجھے اور میری ماں کو دو معبود اللہ کے سوا؟ وہ جواب دیں گے کہ پاک ہے تو، نہیں زیب دیتا مجھے کہ کہوں میں ایسی بات جس کا نہیں مجھے کوئی حق، اگر مَیں نے ایسی بات کہی ہوتی تو بے شک تجھے اس کا علم ہوتا تو جانتا ہے وہ جو میرے دل میں ہے اور نہیں جانتا میں جو تیرے جی میں ہے۔ بے شک تو جاننے والا ہے غیب کی باتوں کا ﴿۱۱۶﴾
117. "Never did I say to them except what You commanded me to (say), that worship Allah, my Lord and your Lord. And I was a witness over them while I was among them. Then when You took me, You were the Watcher over them. And You are Witness over all things."	مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۱۷﴾	نہیں کہا مَیں نے اُن سے مگر وہ کہ حکم دیا تُو نے مجھے جس کا کہ عبادت کرو اللہ کی جو رب ہے میرا اور رب ہے تمہارا اور تھا مَیں اُن پر نگران جب تک رہا میں اُن میں پھر جب اُٹھا لیا تو نے مجھے تو تھا تو نگہبان اُن پر اور تو تو ہر چیز پر نگران ہے ﴿۱۱۷﴾

118. "If You punish them, then indeed they are Your slaves. And if You forgive them (they are Your slaves). Then indeed You, only You are the All Mighty, the All Wise."	اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾	اگر عذاب دے تو انہیں تو بے شک وہ بندے ہیں تیرے اور اگر معاف کر دے انہیں تو بے شک تو ہر چیز پر غالب اور بڑی حکمت والا ہے ﴿۱۱۸﴾
119. Allah will say: "This is the day in which the truthful will profit from their truth." For them are Gardens underneath which rivers flow, wherein they will abide forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Him. That is the great success.	قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ۭ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾	فرمائے گا اللہ یہ دن ہے کہ نفع دے گی سچوں کو اُن کی سچائی، اُن کے لیے جنّتیں ہیں کہ بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں۔ رہیں گے وہ اُن میں ہمیشہ راضی ہُوا اللہ اُن سے اور راضی ہُوئے وہ اللہ سے یہی ہے بڑی کامیابی ﴿۱۱۹﴾
120. To Allah belongs the dominion of the heavens and the earth and all that is within them, and He is Able to do all things.	لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ۭ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾	اللہ ہی کی ہے حکومت آسمانوں میں اور زمین میں اور اُن پر جو اُن میں ہیں اور وہ ہر چیز پر پُوری طرح قادر ہے ﴿۱۲۰﴾



AlAnaam

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. All praises be to Allah, Who created the heavens and the earth, and made the darkness and the light. Then those who disbelieve ascribe (others) to be equals to their Lord.	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ؕ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ①
2. He it is Who has created you from clay, then He has decreed a term (of life). And a determined term (of Resurrection) is with Him, then you are in doubt.	هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ②
3. And He is Allah in the heavens and in the earth. He knows what you conceal and what you reveal, and He knows what you earn.	وَهُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی الْاَرْضِ ؕ یَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَیَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ③
4. And never came to them a sign of the signs of their Lord except they turned away from it.	وَمَا تَاْتِیْهِمْ مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ④

تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے پیدا کیے آسمان
اور زمین اور بنائیں تاریکیاں اور روشنی۔
پھر بھی وہ لوگ جو کافر ہیں (دوسروں کو) اپنے رب کا ہمسر ٹھہراتے ہیں ①
وہی تو ہے جس نے پیدا کیا تم کو مٹی سے
پھر مقرر کردی (زندگی کی) ایک مُدت
اور ایک (دوسری) مُدت (قیامت) اور بھی ہے جو مقرر ہے
اللہ کے نزدیک اس کے باوجود تم شک میں مُبتلا ہو ②
اور وہی (ایک) اللہ ہے آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی
جو جانتا ہے تمہارے چھپے اور کھلے (سب امور) کو
اور جانتا ہے اس کو بھی جو (بھلائی یا بُرائی) کماتے ہو تم ③
اور نہیں آتی اُن کے پاس کوئی نشانی، نشانیوں میں سے
اُن کے رب کی مگر وہ اس سے مُنہ موڑ لیتے ہیں ④

5. Indeed, they denied the truth when it came to them. So there will soon come to them the news of that which they used to mock at.	فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۵	چنانچہ جھٹلایا اُنھوں نے اِس حق کو بھی جب آیا وہ اُن کے پاس سو عنقریب آجائے گی اُن کے پاس حقیقت اس امر کی جس کا وہ مذاق اُڑا رہے ہیں ۝۵
6. Have they not seen how many a generation We have destroyed before them, whom We had established on the earth, such as We have not established you. And We showered on them abundant rains from the sky, and We made the rivers flow beneath them, then We destroyed them for their sins, and brought forth after them a generation of others.	اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝۶	کیا نہیں دیکھا اُنھوں نے ؟ کہ کتنی ہلاک کیں ہم نے ان سے پہلے ایسی قومیں جنہیں اقتدار دیا تھا ہم نے زمین میں ایسا اقتدار کہ نہیں دیا تھا تمہیں بھی ؟ اور برسایا ہم نے (مینہ) آسمان سے اُن پر موسلا دھار اور کردیں ہم نے نہریں رواں اُن کے (گھروں کے) نیچے پھر ہلاک کردیا ہم نے اُن کو بسبب اُن کے گناہوں کے اور پیدا کیا ہم نے اُن کے بعد دوسری قوموں کو ۝۶
7. And even if We had sent down to you (Muhammad) a book (inscribed) on parchment, so that they could touch it with their hands, those who disbelieve would have said: "This is nothing but obvious magic."	وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِىْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷	اور اگر نازل کرتے ہم تم پر کتاب (لکھی ہوئی) کاغذ پر اور وہ چھو کر بھی دیکھ لیتے اسے اپنے ہاتھوں سے تب بھی کہتے، وہ لوگ جو کافر ہیں کہ نہیں ہے یہ مگر جادو کھلا ۝۷
8. And they say: "Why has not an angel been sent down to him." And if We had sent down an angel, the matter would surely have been judged, then no respite would be granted to them.	وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِىَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝۸	اور کہتے ہیں وہ کہ کیوں نہیں اُتارا گیا اس نبی پر فرشتہ، اور اگر کہیں اُتارا ہوتا ہم نے فرشتہ تو فیصلہ ہو چکا ہوتا پھر نہ ملتی اُنہیں کوئی مہلت ۝۸

9. And if We had appointed him an angel, We indeed would have made him (in the form of) a man, and We would have certainly covered them with (confusion), that in which they cover themselves.	وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝٩	اور اگر بناتے ہم رسُول فرشتے کو تو بھیجتے ہم اُسے آدمی ہی کی صُورت میں اور مُبتلا کر دیتے ہم اُن کو اسی شُبہ میں جس میں وہ اب مُبتلا ہیں ۝٩
10. And indeed, messengers have been ridiculed before you, then those who mocked at them were surrounded by that which they used to ridicule.	وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝١٠	اور بے شک مذاق اُڑایا جاتا رہا ہے بہت سے رسُولوں کا تم سے پہلے بھی لیکن مسلط ہو کر رہی ان لوگوں پر جنہوں نے مذاق اُڑایا تھا اُن میں سے وہ حقیقت، جس کا وہ مذاق اُڑایا کرتے تھے ۝١٠
11. Say (O Muhammad): "Travel in the land, then see how was the end of those who denied."	قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝١١	کہو اُن سے کہ چلو پھرو زمین میں پھر دیکھو کیا انجام ہُوا جھٹلانے والوں کا ۝١١
12. Say: (O Muhammad): "To whom belongs whatsoever is in the heavens and the earth." Say: "To Allah." He has decreed upon Himself mercy. He will surely assemble you on the Day of Resurrection, there is no doubt about which. Those who have lost their souls are the ones who do not believe.	قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلْ لِّلّٰهِ ۭ كَتَبَ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۭ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝١٢	پوچھو (اُن سے) کہ کس کا ہے، جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں؟ کہہ دو! کہ اللہ ہی کا ہے۔ لازم کر لی ہے اُس نے اپنے اُوپر رحمت (اسی لیے) ضرور جمع کرے گا وہ تم کو روزِ قیامت، کوئی شک نہیں جس (کے آنے) میں (تاہم) وہ لوگ جو خسارے میں ڈال چکے ہیں اپنی جانوں کو اُسے نہیں مانتے ۝١٢
13. And to Him belongs whatsoever dwells in the night and the day, and He is the All Hearing, the All Knowing.	وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝١٣	اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ بستا ہے رات میں اور دن میں اور وہی ہے ہر بات کا سُننے والا، سب کچھ جاننے والا ۝١٣

14. Say (O Muhammad): "Shall I take as a protector other than Allah, the Creator of the heavens and the earth. And it is He Who feeds and is not fed." Say: "Verily, I have been commanded to be the first of those who submit themselves (to Allah), and not to be of those who associate others (with Allah)."	قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۴﴾	کہو کیا اللہ کے سوا (کسی اور کو) بنالوں میں اپنا سرپرست (وہ اللہ) جو بنانے والا ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور وہی روزی دیتا ہے اور روزی نہیں لیتا کہہ دو! بے شک مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ بنوں میں سب سے پہلا حکم ماننے والا۔ اور (یہ کہ) ہرگز نہ شامل ہونا تم شرک کرنے والوں میں ﴿۱۴﴾
15. Say: "Indeed I fear, if I should disobey my Lord, the punishment of a tremendous Day."	قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾	کہہ دو! بے شک میں ڈرتا ہوں کہ اگر نافرمانی کی میں نے اپنے رب کی، (تو دوچار ہونا پڑے گا مجھے) عذاب سے ایک بڑے (خوفناک) دن کے ﴿۱۵﴾
16. He from whom it (punishment) is averted that day, (Allah) has surely been Merciful to him. And that is the manifest success.	مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾	جو بچ گیا اس (عذاب) سے اس دن تو بے شک رحم کیا اس پر اللہ نے اور یہی ہے نمایاں کامیابی ﴿۱۶﴾
17. And if Allah should touch you with affliction, then none can relieve from it except Him. And if He touches you with good, then He has power over all things.	وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾	اور اگر پہنچائے تم کو اللہ کوئی نقصان تو نہیں کوئی دُور کرنے والا اس کا سوائے اس کے اور اگر پہنچائے تم کو وہ کوئی بھلائی تو وہ ہر چیز پر پُوری طرح قادر ہے ﴿۱۷﴾
18. And He is the Omnipotent over His slaves, and He is the All Wise, the All Knower.	وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾	اور وہ کامل اختیار رکھتا ہے اپنے بندوں پر اور وہی ہے کامل حکمت والا، ہر بات سے باخبر ﴿۱۸﴾

19. Say (O Muhammad): "What thing is greatest in testimony. Say: "Allah is Witness between me and you. And this Quran has been revealed to me, that I may warn you thereby, and whomsoever it may reach. Do you indeed testify that there are other gods with Allah." Say: "I bear no (such) witness." Say: "He is the only One God. And truly I am free of that which you associate (with Him)."	قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِیْدٌۢ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ۫ وَاُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰی ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾	پوچھو کس کی گواہی سب سے بڑھ کر ہے؟ کہو! اللہ گواہ ہے میرے اور تمہارے درمیان اور وحی کیا گیا ہے میری طرف یہ قرآن تاکہ متنبہ کروں تمہیں اس سے اور ہر اس شخص کو جس تک یہ پہنچے، کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ ہیں معبود اور بھی؟ کہہ دو! کہیں دیتا میں ایسی گواہی۔ کہہ دو! کہ صحیح بات یہی ہے کہ وہی ہے معبودِ یکتا اور بے شک میں بیزار ہوں اس شرک سے جس میں تم مبتلا ہو ﴿۱۹﴾
20. Those to whom We have given the Book, they recognize this (Quran), as they recognize their sons. Those who have lost their souls are the ones who do not believe.	اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾	وہ لوگ جنہیں دی ہے ہم نے کتاب وہ پہچانتے ہیں اس بات کو جیسے پہچانتے ہیں اپنے بیٹوں کو۔ (لیکن) جو لوگ خسارے میں ڈال چکے ہیں اپنے آپ کو وہ اُسے نہیں مانتے ﴿۲۰﴾
21. And who does more wrong than he who invents a lie against Allah, or denies His revelations. Indeed, the wrongdoers will not succeed.	وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۱﴾	اور کون ہے بڑا ظالم اس سے جو باندھے بہتان اللہ پر جھوٹا یا جھٹلائے اس کی نشانیوں کو، یقیناً نہیں فلاح پاتے ایسے ظالم ﴿۲۱﴾
22. And on the day when We shall gather them all together, then We shall say to those who associated others (with Allah): "Where are your partners, whom you used to claim."	وَیَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِیْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ اَشْرَكُوْۤا اَیْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِیْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾	اور جس دن ہم اکٹھا کریں گے ان سب کو پھر پوچھیں گے اُن لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا تھا، کہاں ہیں تمہارے وہ شریک جن کو تم (الٰہ) سمجھتے تھے؟ ﴿۲۲﴾

23. Then there will be no excuses for them except that they will say: "By Allah, our Lord, we were not those who associated others (with Allah)."	ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿٢٣﴾	پھر نہیں ہوگا اُن کے پاس کوئی فریب سوائے اس کے کہ کہیں قسم اللہ کی جو ہمارا رب ہے، نہ تھے ہم مشرک ﴿٢٣﴾
24. See how they will lie against themselves, and lost from them will be what they used to invent.	اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾	دیکھو کیسا جھوٹ بولا اُنہوں نے اپنے بارے میں اور گم ہو گئے اُن کے تمام بنا وٹی معبود ﴿٢٤﴾
25. And among them are those who listen to you, and We have laid over their hearts coverings, lest they should understand it, and in their ears a deafness. And if they were to see every sign, they would not believe in it, to the point that, when they come to you, they dispute with you, those who disbelieve say: "This is nothing but tales of the ancients."	وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٥﴾	اور اُن میں سے بعض ایسے ہیں جو کان لگا کر سُنتے ہیں تمہاری باتیں لیکن ڈال رکھے ہیں ہم نے اُن کے دلوں پر پردے کہ (نہ) سمجھ سکیں وہ اس کو اور اُن کے کانوں میں گرانی (ڈال دی ہے)۔ اور (اُن کی حالت یہ ہے کہ اگر دیکھ لیں تمام نشانیاں تو بھی ایمان نہ لائیں اُن پر، یہاں تک کہ جب آتے ہیں تمہارے پاس تو جھگڑتے ہیں تم سے اور کہتے ہیں وہ لوگ، جنہوں نے فیصلہ کر لیا ہے انکار کا، نہیں ہیں یہ باتیں مگر کہانیاں پہلے لوگوں کی ﴿٢٥﴾
26. And they prevent (others) from it, and they (themselves) keep away from it. And they do not destroy except themselves, and they perceive not.	وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْــَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾	اور یہ روکتے ہیں (لوگوں کو) اس (کے قبول کرنے) سے اور دُور بھاگتے ہیں (خود بھی) اس سے اور نہیں ہلاک کرتے وہ مگر اپنے آپ کو، مگر اُنہیں اس کا شعور نہیں ﴿٢٦﴾
27. And If you could see when they shall be made to stand by the Fire, they will say: "Would that we could be sent back, and we would not deny the revelations of our Lord, and we would be among the believers."	وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧﴾	اور کاش! تم دیکھ سکتے وہ وقت جب کھڑے کیے جائیں گے یہ لوگ دوزخ پر اور کہیں گے کاش! ہم واپس بھیج دیے جائیں اور نہ جھٹلائیں ہم اپنے رب کی نشانیوں کو اور شامل ہو جائیں ایمان والوں میں ﴿٢٧﴾

28. Nay but, it has become manifest to them that which they had been concealing before. And if they were sent back, they would certainly revert to that which they were forbidden, and indeed they are liars.	بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾	بلکہ سامنے آگئی ہے اُن کے وہ حقیقت جسے چھپاتے تھے یہ اس سے پہلے اور اگر پھر واپس بھیجے جائیں گے تو پھر وہی کچھ کریں گے جس سے منع کیا گیا تھا اُنہیں اور یقیناً یہ سخت جھوٹے ہیں ﴿۲۸﴾
29. And they say: "There is none but our life of the world, and we shall not be raised (again)."	وَ قَالُوْۤا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَ مَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾	اور کہتے ہیں یہ لوگ کہ نہیں ہے زندگی مگر یہ ہماری دنیاوی زندگی اور نہ ہرگز ہم زندہ کیے جائیں گے دوبارہ ﴿۲۹﴾
30. And if you could see when they will be made to stand before their Lord. He will say: "Is not this the truth." They will say: "Yes, by our Lord." He will say: "So taste the torment because you used to disbelieve."	وَ لَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَ رَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾	اور کاش! تم دیکھ سکو وہ منظر جب کھڑے کیے جائیں گے یہ سامنے اپنے رب کے تو وہ پُوچھے گا کیا نہیں ہے یہ (دن) حقیقت؟ وہ کہیں گے ہاں! قسم ہمارے رب کی (یہ حقیقت ہے) فرمائے گا سو چکھو مزا عذاب کا بسبب اس کے جو کفر تم کرتے تھے ﴿۳۰﴾
31. They indeed are losers who deny the meeting with Allah, until when the Hour comes upon them suddenly, they will say: "Alas for us, over what we neglected about it." And they will bear their burdens on their backs. Is not evil what they bear.	قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَ هُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾	بے شک خسارے میں پڑ گئے وہ لوگ جنہوں نے جھوٹ قرار دیا اللہ سے اپنی ملاقات کو یہاں تک کہ جب آپہنچے گی اُن پر وہ گھڑی اچانک تو وہ کہیں گے افسوس! کیسی کوتاہی کی ہم نے اس معاملہ میں اور وہ اُٹھائے ہوں گے بوجھ اپنے (گناہوں کا) اپنی پیٹھوں پر دیکھو! کیسا بُرا ہے وہ بوجھ جو یہ اُٹھائے ہوئے ہیں ﴿۳۱﴾
32. And the life of this world is nothing but play and amusement. And the abode of the Hereafter is better for those who fear (Allah). Will you not then understand.	وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَاۤ اِلَّا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ؕ وَ لَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾	اور نہیں ہے یہ دُنیاوی زندگی مگر کھیل تماشا اور یقیناً آخرت کا گھر ہی بہتر ہے ان لوگوں کے لیے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں۔ کیا نہیں سمجھتے تم؟ ﴿۳۲﴾

33. Indeed, We know that it grieves you what they say. Though indeed, they do not deny you, but it is the revelations of Allah that the wrong doers repudiate.	قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِىْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾	یقیناً ہم جانتے ہیں کہ ضرور رنجیدہ کرتی ہیں تم کو وہ باتیں جو کہتے ہیں یہ لوگ لیکن واقعہ یہ ہے کہ نہیں جھٹلاتے یہ تم کو بلکہ یہ ظالم تو اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں ﴿۳۳﴾
34. And indeed messengers have been denied before you, so they were patient on being denied, and they were hurt until Our help reached them. And none can alter the words (decrees) of Allah. And Surely there has reached you some news about the messengers (before you).	وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾	اور بے شک جھٹلائے جا چکے ہیں بہت سے رسُول تم سے پہلے پس صبر کیا اُنہوں نے جھٹلائے جانے پر اور ان اذیتوں پر جو دی گئیں اُنہیں حتّٰی کہ پہنچ گئی اُن کو ہماری مدد اور کوئی نہیں بدل سکتا اللہ کی باتیں اور یقیناً آچکی ہیں تمہارے پاس خبریں (پہلے) رسُولوں کی ﴿۳۴﴾
35. And if their aversion is hard on you, then if you can, seek a tunnel into the earth, or a ladder into the sky, so that you may bring them a sign. And if Allah had so willed, He could have gathered them all to the guidance. So be not you among those who are ignorant.	وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِىَ نَفَقًا فِى الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِى السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾	اور اگر گراں گزرتی ہے تم پر بے رخی ان لوگوں کی تو اگر تم سے بن پڑے تو ڈھونڈ لو کوئی سرنگ زمین میں یا (لگاؤ) کوئی سیڑھی آسمان میں اور لے آؤ اُن کے پاس کوئی معجزہ۔ اور اگر اللہ چاہتا تو جمع کر دیتا ان سب کو ہدایت پر لہٰذا مت بنو تم نادان ﴿۳۵﴾
36. Only those who listen will respond. And the dead whom Allah will raise, then to Him they will be returned.	اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۘ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾	حقیقت یہ ہے کہ (دعوتِ حق پر) لبّیک وہ لوگ کہتے ہیں جو سُنتے ہیں اور رہے مُردے سو زندہ کرے گا اُنہیں اللہ پھر اسی کی عدالت میں پیشی کے لیے وہ واپس لائے جائیں گے ﴿۳۶﴾

37. And they say: "Why is not a sign sent down to him from his Lord." Say: "Indeed, Allah is Able to send down a sign, but most of them do not know."	وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾	اور کہتے ہیں یہ لوگ کہ کیوں نہیں اُتاری گئی اس رسُولؐ پر کوئی نشانی اس کے رب کی طرف سے۔ کہو! بے شک اللہ قادر ہے اس پر کہ اُتارے کوئی نشانی مگر اُن میں سے اکثر (اس بات کو) نہیں جانتے ﴿۳۷﴾
38. And there is not a creature on the earth, nor a bird flying on its two wings, but they are communities like you. We have not neglected in the Book (of decrees) a thing. Then unto their Lord they shall be gathered.	وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ مِنْ شَىْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾	اور نہیں کوئی جاندار جو چلتا ہے زمین میں اور نہ ہی کوئی پرندہ جو اُڑتا ہے اپنے پروں سے مگر یہ سب اُمتیں ہیں تمہاری طرح کی۔ نہیں کسر چھوڑی ہم نے ان کے نوشتہ (تقدیر) میں کسی بات کی پھر اپنے رب کی طرف یہ سب گھیر گھار کر لائے جائیں گے ﴿۳۸﴾
